© rasailojaraid.com



# اعلامیہ

## عظمت مدارس دینیہ واسلام کا پیغام امن کانفرنس، سندھ

[بروز بدھ، 23 مارچ 2014ء وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے زیر اہتمام جامعہ دار العلوم کراچی میں عظمت مدارس دینیہ واسلام کا پیغام امن کانفرنس منعقد ہوئی، اس موقع پر جو اعلامیہ پیش کیا گیا وہ قارئین کی خدمت میں پیش ہے............................................ ادارہ]

وفاق المدارس العربیہ کی "عظمت مدارس دینیہ اور پیغام امن" کانفرنس کا یہ عظیم الشان اجتماع ملک میں پھیلے ہوئے ہزارہا دینی مدارس کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہے، جنہوں نے نہ صرف پاکستان، بل کہ بیرونِ پاکستان بھی علم دین کی نشر و اشاعت اور دعوت واصلاح کا نور پھیلانے اور علم وتحقیق کے شناور پیدا کرنے میں تاریخی کردار ادا کیا۔ آج کی اس کانفرنس میں وفاق المدارس کے تحت امتحان میں نمایاں پوزیشنیں حاصل کرنے والوں کو اسناد انعام دی گئی ہیں، ان کو، ان کے اساتذہ اور والدین کو یہ اجتماع مبارکباد پیش کرتا ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو صدق واخلاص کے ساتھ خدمت دین کی توفیق عطا فرمائے۔

یہ عظیم الشان اجتماع وفاق المدارس العربیہ کی ان کوششوں کو بنظرِ استحسان دیکھتا ہے جو وہ مدارس کی تنظیم کو اور ان کو مؤثر اور فعال بنانے اور ان کے دفاع کے سلسلے میں انجام دیتا رہا ہے۔

یہ عظیم الشان اجتماع اس حقیقت کا اعادہ کرتا ہے کہ دینی مدارس کا بنیادی مقصد یکسوئی کے ساتھ اسلامی علوم میں اختصاصی مہارت پیدا کرنا ہے اور وہ اسی مقصد کے لیے خدمات انجام دیتے رہے ہیں۔ اسلام دشمن عناصر ہمیشہ ان مقاصد میں انہیں ناکام بنانے کے لیے ان کے خلاف مختلف قسم کے پروپیگنڈے کے ہتھیار استعمال کرتے رہے ہیں، جن کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں۔

یہ عظیم الشان اجتماع 23 مارچ یعنی اس تاریخ میں منعقد ہو رہا ہے جو ملک بھر میں یوم پاکستان کے طور پر منایا جا رہا ہے۔ اس موقع پر یہ عظیم الشان اجتماع اس حقیقت کا اعادہ کرتا ہے کہ پاکستان کا استحکام، اس میں امن وامان کا قیام اور اس کے اصل مقصدِ وجود یعنی نفاذِ شریعت کو بروئے کار لانا ملک کے ہر شہری کا بنیادی مطمحِ نظر ہونا چاہیے اور دینی مدارس حسب سابق ان مقاصد کو بروئے کار لانے کے لیے ان شاء اللہ اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے کیوں کہ نفاذِ اسلام ہی استحکامِ پاکستان کی ضمانت ہے۔ ............................................☆☆



© rasailojaraid.com